عباسی خاندان کے کسی فرد کو زکوٰۃ دینا کیسا؟

مجیب: ابو محمد مفتی علی اصغر عطاری مدنی

فتوی نمبر: Nor-12258

تاریخ اجراء: 27 ذوالقعدۃ الحرام 1443 ھ / 27 جون 2022ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا عباسی خاندان کو زکوۃ دے سکتے ہیں؟؟ رہنمائی فرمادیں۔

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

بنو ہاشم کو زکوۃ نہیں دے سکتے اور بنو ہاشم سے مراد پانچ خاندان ہیں: آلِ علی، **آلِ عباس**، آلِ جعفر، آلِ عقیل، آلِ حارث بن عبد المطلب۔ **لہذا عباسی خاندان سے تعلق رکھنے والے کسی شخص کو زکوۃ نہیں دے سکتے۔**

البتہ اگر واقعی اس خاندان کے کسی فرد کو مدد کی حاجت ہو تو ممکنہ صورت میں زکوۃ اور صدقاتِ واجبہ کے علاوہ دیگر اموال سے اس کی مدد کی جائے اور اسے اپنے لئے باعث شرف سمجھا جائے کہ یہ عین سعادتمندی کی بات ہے۔

بنو ہاشم کو زکوۃ نہیں دے سکتے۔ جیسا کہ فتاوی عالمگیری میں ہے: "ولا يدفع إلى بني هاشم، وهم آل علي وآل عباس وآل جعفر وآل عقيل وآل الحارث بن عبد المطلب كذا في الهداية" یعنی بنو ہاشم کو زکوۃ دینا جائز نہیں اور بنو ہاشم سے مراد آلِ علی، آلِ عباس، آلِ جعفر، آلِ عقیل اور آلِ حارث بن عبد المطلب ہیں، جیسا کہ ہدایہ میں مذکور ہے۔ (فتاوی عالمگیری، کتاب الزکوۃ، ج 01، ص 189، مطبوعہ پشاور)

فتاوی رضویہ میں ہے: "**زکوۃ ساداتِ کرام وسائرِ بنی ہاشم پر حرامِ قطعی ہے** جس کی حرمت پر ہمارے ائمہ ثلثہ بلکہ ائمہ مذاہبِ اربعہ رضی اللہ تعالی عنہم اجمعین کا اجماع قائم۔" (فتاوی رضویہ، ج 10، ص 99، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

بہارِ شریعت میں ہے: "بنی ہاشم کو زکاۃ نہیں دے سکتے۔ نہ غیر انھیں دے سکے، نہ ایک ہاشمی دوسرے ہاشمی کو۔ بنی ہاشم سے مُراد حضرت علی و جعفر و عقیل اور حضرت عباس و حارث بن عبد المطلب کی اولادیں ہیں۔" (بہار شریعت، ج 01، ص 931، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

فتاویٰ اہلسنت کتاب الزکوٰۃ میں ہے:"عباسی یعنی حضرتِ عباس رضی اللہ عنہ کی اولاد کو زکوٰۃ نہیں دی جاسکتی۔ البتہ اگر ان کی اعانت مقصود ہو تو زکوٰۃ و صدقہ واجبہ کے علاوہ کسی دوسرے مال سے کی جائے۔"(فتاوی اہلسنت کتاب الزکوۃ، ص 427، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net